سوال

(1045) قیمت وصول کرنے سے پہلے ہی سونا واپس کر دینا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

قیمت وصول کرنے سے پہلے ہی سونا دے دینا کہ وہ عنقریب ادا کر دے گا، اس کا کیا حکم ہے؟ بالخصوص جب یہ معاملہ کسی قریبی کے ساتھ ہو؟ اگر اعتماد نہ کیا جائے تو قطع رحمی کی صورت پیدا ہو جانے کا اندیشہ ہو؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس بارے میں ایک اصول وقاعدہ یاد رکھنا چاہیئے کہ سونا اسی صورت میں بیچنا درست ہو سکتا ہے جب اس کی قیمت پوری کی پوری وصول کر لے۔ اس میں قریبی یا دور والے کی بات نہیں ہے۔ اللہ کے دین میں الفتیں نہیں چلتی ہیں۔ اگر وہ عزیز اللہ کی اطاعت کی وجہ سے ناراض ہوتا ہے تو ہونے دو۔ اس میں وہی ظالم اور گناہگار ہوگا جو تم سے معصیت کا کام کرانا چاہتا ہے۔ آپ جب اس کے ساتھ حرام معاملہ نہیں کرنا چاہتے تو آپ حق پر ہیں، وہی گناہ گار ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 734

محدث فتویٰ